
Kitab Nagri
www.kitabnagri.com
کتاب نگری
تحریر شاہین روز
زندگی کی تمنا

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

# زندگی کی تمنا

## از قلم شاہین روز

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری ہر دعا میں تُو شامل رہا ہے

تجھکو مانگا جیسے پیاسے کو پانی کی تمنا

میری حالت زار پہ ترس کھا زرا تو

میں کر رہا ہوں کچھ اور دن جینے کی تمنا

تیرے بغیر میں جی نہیں پاؤں شاید

کر رہا ہوں اس لیے جینے کی تمنا

تیرے ساتھ اک عمر بیتانے کا وعدہ ہے

خدا سے دعا میں کی ہے سانسوں کی تمنا

لوگ کہتے ہیں تم پاگل ہو شاہین

جو اسکو دیکھ کر کرتے ہو زندگی کی تمنا

زندگی کی تمنا....

ہاں جب محبت ہو جاتی ہے تو تمنا تو ہو گی نا ہم لاکھ چاہیں ہم اپنوں سے جیت کر بھی ہار جاتے ہیں حالانکہ ہم. انکو ہرانا نہیں چاہتے...

محبت کی نہیں جاتی یہ تو ہو جاتی ہے اس میں کروں یا نہ والا کوئی آپشن نہیں ہوتا یہ تو بس ہو گئی تو ہو گئی اور جب ہو گئی تو انسان گیا....

اس طرح ہی کچھ محبت ہوئی زین کو جو کہ خود ابھی ایک سٹوڈنٹ تھا مگر کیا چیز ہے نا محبت کسی کو نہیں چھوڑتی اور اگر لا حاصل محبت ہو تو انسان عشق کی آگ میں تا عمر جلتا رہتا ہے...

زین تم کیوں اسے اتنا چاہتے ہو جبکہ وہ تمہیں لفٹ نہیں کراتی

احمد نے اپنا سا منہ بنا کر زین سے کہا جو بلکل عاشقانہ انداز میں چلا جا رہا تھا..

احمد تمہیں کیا پتہ یار یہ محبت بڑی شے ہے یہ تو گدھے سے بھی ہو جائے تو وہ اپنا لگنے لگتا ہے اور مجھے تو پھر ایک انسان سے ہوئی ہے اور وہ بھی ایک پری پیکر سے

کیا مزاج ہے اس کا بلکل شہزادیوں والا انداز ہے اتنی خوب صورت آواز افففف اور کیا کیا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین نے پیچھے دیکھا تو ہمیشہ کی طرح آج پھر احمد غائب ہو چکا تھا.زین کو فرق نہیں پڑا وہ عادی تھا ان باتوں کا.وہ پھر سے اسے سوچنے لگا

جب محبت ہو جاتی ہے تو انسان صرف محبوب کو ہی سوچتا ہے اور ایسے سوچتا ہے جیسے اس سے اچھا آور پیارا اس دنیا میں کوئی نہیں ہے وہ کسی نے کیا خوب لکھا ہے

محبوب جس کا بھی ہو بے مثال ہوتا ہے....

اور یک طرفہ محبت تو مانو ایک آگ کی مانند ہے جس میں ایک انسان جلتا رہتا ہے اور دوسرا اتنا ہی پر سکون رہتا ہے مگر جب محبت دو طرفہ ہو تو اسے نکاح کے عظیم بندھن میں باندھ لینا چاہیے..

زین تم کب بدلو گے یار دیکھ کر چل لیا کرو کبھی تو ہر وقت تم. ہوا کے گھوڑے پہ سوار رہتے ہو پتہ نہیں کون سی ایسی سوچ ہے جو تمہارا پیچھا نہیں چھوڑتی اور اب یہ سارا سامان جو گرایا ہے یہ کون اٹھائے گا میں اٹھاؤں گی؟؟؟

کیسے کھڑے ہو منہ اٹھا کہ اب کچھ بول نہیں سکتے کیا منہ میں الائچی ڈالی ہے کیا یا پھر چپ کا روزہ رکھا ہے مجھے تو آج کل کے لڑکوں کی سمجھ نہیں آتی چشمہ لگا کہ خود کو ہیرو سمجھتے ہیں اور...

بسسسسسسسسس......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین کانوں پہ ہاتھ رکھ کر چلایا

تم سمجھتی کیا ہو خود کو ڈائن کہیں کی دیکھ کہ تم. نہیں چل رہی تھی اور اپنی ساری جلی کٹی باتیں بھی مجھے سنا رہی ہو جاؤ جاؤ اپنا کام. کرو میں کیوں اٹھاؤں یہ سامان تم نے گرایا ہے نا تم ہی اٹھاؤ گی اور آئندہ میرے منہ مت لگنا سمجھی..

یہ کہہ کر وہ یہ جا وہ جا اور وہ بڑبڑاتی ہوئی سامان اٹھانے لگ گئی.

******,****

ماما مجھے دیر ہو رہی ہے پلیز جلدی ناشتہ بنا دیں.

ہاں بنا رہی ہوں بس 5 منٹ

ماما پانچ منٹ میں میں کہاں پہنچ جاؤں گی آپ اس سے بھی جلدی کریں

اچھا اچھا یہ لو اور کرو ناشتہ

ہممممم آملیٹ تو بہت مزے کا بنا ہے..

اچھا میرے خیال سے تو روز یہ ہی آملیٹ کھا کہ جاتی ہو پہلے کبھی تعریف نہیں کی صاف صاف بتاؤ کیا کام ہے. مجھ سے آج.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماما میری پیاری ماما آپ کتنی سمجھدار ہیں نا میرے کالج میں پارٹی ہے کل جو ہم .ڈریس لے کے آئیں ہیں اس طرح کا سیم سوٹ مری کلاس فیلو نے لے لیا ہے اس لیے میں اب وہ نہیں پہنوں گی مجھے نیا سوٹ چاہیے.

بیٹا اس میں کونسا بڑی بات ہے اگر اس نے بھی لے لیا ہے تو وہ ہی سوٹ

نو ماما آپ کو پتہ ہے نا جو مجھے پسند ہو وہ چیز صرف میری ہوتی ہے کسی اور کے پاس بھی ویسی ہی ہو تو پھر وہ نیبیا کے پاس نہیں ہو سکتی کیونکہ میں سب سے الگ دکھنا چاہتی ہوں میری ہر چیز سے میری چوائس کا پتہ چلنا چاہیے نا.

اووہو ایک تو تم بڑا تنگ کرتی ہو نیبیا اچھا جاؤ اب شام کو سوچیں گے اس بارے میں بھی

تو نیبیا ناشتہ کر کے کالج چلی گئی.

مریضِ عشق ہوں میں

کر دے دعا...

ہاتھ رکھ دے تُو دل پہ زرا..

اوووووو...اووووو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین کے بچے آواز کم کرلو ہم بہرے نہیں ہیں جو ہمیں سنائی نہیں دے گا.

رابی نے تقریباً چلاتے ہوئے کہا تو زہن نے والیوم کم کر لیا.

یہ اب لوگ کالج میں بیٹھے تھے احمد آج کالج نہیں آیا تھا.

زین تمہیں خیر ہے کہیں محبت وحبت تو نہیں ہو گئی کسی سے؟

تانی نے سموسہ کھاتے ہوئے کہا تو وانیہ کے دل نے ایک بیٹ ضرور مس کی مگر اس نے اس خیال کو جھٹک دیا اور سامنے دیکھنے لگی. جبکہ زین تانی سے بحث میں لگ گیا.

وانیہ سوچ رہی تھی کہ محبت کتنی عجیب ہوتی ہے جو مل نہیں سکتا اسی سے ہو جاتی ہے ایسا کیوں ہوتا کاش دل پہ ہمارا کنٹرول ہوتا یہ دل ہی مصیبت کی جڑ ہے کیا ہوتا اگر مجھے زین نہ ملتا چلو اگر مل بھی گیا تھا تو دوست نہ بنتا اگر بن بھی گیا تھا تو اتنا اچھا نہ لگتا کہ محبت ہو گئی افففففف خدایا

www.kitabnagri.com

وانیہ تم بلکل پاگل ہو بھلا اسے محبت کہتے ہیں ہو سکتا ہے یہ وقتی احساس ہو

اس نے خود سے ہم کلامی کی مگر آواز اتنی تھی سب کو اسکی بڑبڑاہٹ سنائی دی تو تانی نے اسے کہنی ماری جو نہ جانے کب سے زین پر نظریں جمائے بیٹھی تھی اس نے جلدی سے اپنا بیگ پکڑا اور کلاس کی طرف چل دی.

زین بولا

اسے کیا ہوا؟

مجھے تو جیسے بتا کے گئی ہے

تانی نے چڑ کر اسے کہا تو رابی نے انہیں وہاں سے اٹھایا کہ کلاس میں چلو.

احمد آج آئے نہیں کالج تم اور بتایا بھی نہیں؟

زین نے اسے کال کی تو رابی زین کا منہ دیکھنے لگ گئی جو اسی کی طرف دیکھ رہا تھا.

ہاں یار مس کر رہا تھا کوئی تو سوچا بتا دوں..

ہائے تمہیں مجھ پہ زرا سا بھی یقین نہیں ہے چلو رابی سے پوچھ لو یہ لو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رابی اس کی اس حرکت پر آگ بگولہ ہو گئی اور فون پکڑ کر کاٹ دیا

زین تمہیں زرا شرم نہیں ہے نا تم ہی کیوں نہیں کر لیتے احمد سے شادی؟

ہائے کر لیتا اگر وہ لڑکی ہوتا مگر اسے اب کسی اور کے لیے بنایا گیا ہے اور ویسے بھی قسمت کا لکھا کون مٹا سکا ہے بھلا...

بس بس.... تم لوگ شروع ہو جاتے ہو جیسے ساس بہو ہو اور مجھے اور وانیہ کو ایسے لگ رہا جیسے ہم ساس بہو سیزن 6 دیکھ رہے ہیں...

ہے نا وانیہ؟؟

اس نے وانیہ کی طرف اشارہ کیا تو وہ بھی مسکرا دی.

...................................

..........................

جمال لاہور کا معروف بزنس مین ہے اور انکے دو بیٹے ہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

راہم اور زین

رایم بڑا ہے اور کمپنی میں جاب کرتا ہے اور زین ابھی کالج لائف انجوائے کر رہا ہوتا ہے مگر اچانک سے اسے شدید والی محبت ہو جاتی ہے وہ بھی اپنی اس کزن سے جو اسے ناپسند کرتی ہے. کالج میں بہت ساری لڑکیاں زین پہ دل ہارتی ہیں مگر وہ ان میں انٹرسٹ نہیں لیتا تھا بس دوستی کی حد تک ان سے بات کر لیتا تھا.

زین کی ماما گھر میں ہوتیں تھی اور انہوں نے اپنے دونوں بیٹوں کی پرورش اچھی کی تھی.

.............................................................

نیبیا.....

نیبیا.....

نیب........

ارے بس بھی کرو کیا پورا کالج اکھٹا کر لو گی؟

نیبیا نے جانیتا کو کہا تو وہ اس کے گلے لگ گئی. کل سے بات نہیں کی ہم نے نیبیا میں اداس. ہو گئی تھی اسی لیے کالج آتے ہی تمہیں پکارا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جانیتا نیبا کی بیسٹ فرینڈ تھی جو اسے بہت پیاری تھی اور بچپن سے دونوں ساتھ تھی

جانیتا کسی اور کی نیبیا سے دوستی پسند نہیں کرتی تھی وہ دونوں ہی پرانی سہلیاں تھیں.

نیبیا اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد تھی اور اسکے ماں باپ نے اب تک اس کے سارے شوق پورے کیے ہیں. اب نیبیا کالج کی سٹوڈنٹ تھی.

اسکے سارے کزنز اسے بہت پسند کرتے تھے کچھ اسے بہن کی طرح ٹریٹ کرتے تو کچھ دوست کی طرح مگر ابھی تک نیبیا کو پسند کوئی نہیں تھا وہ سب کو ہی بھائی مانتی تھی.

لیکن کون جانے کہ محبت کی تپش اتنی ضرور ہوتی ہے کہ اگلے تک پہنچ جاتی ہے.

محبت محبت بڑا جانتے ہو...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بتاؤ تو کس کا کہا مانتے ہو....

نیبیا اور زین آپس میں کزن ہیں اور ایک دوسرے کے گھر آنا جانا بھی ہے. نیبیا زین کو اتنا خاص پسند نہیں کرتی تھی مگر زین کو اس سے محبت ہو گئی اور محبت کوئی ایسی ویسی نہیں ہوئی شدت والی ہوئی. یہ بات ذرف زین کا دوست احمد جانتا تھا.

اوئے زین بات سن....

تم بھابھی سے جاکر بول کیوں نہیں دیتے کہ تم انہیں پسند کرتے تاکہ بات کلئیر ہو جائے..

واہ واہ. کیامشورہ ہے احمد میں تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ تم اتنے عقل مند نکلو گے میں نے تو یہ بات سوچی ہی نہیں تھی اوہووووو شکریہ میرے دوست..

زین اچھے خاصے طنز کے تیر چلائے احمد کھسیانا سا ہو گیا اور بولا جاؤ دفعہ ہو جو مرضی کرو مجھے کیا ہے آج کل ویسے بھی مفت کا دیا مشورہ کون مانتا ہے بھلا.. توزین نے اسکے ایک چپت لگائی اور بولا چلو کیا یاد کرو گے مان لیتا ہوں لیکن اگر ادھر اے انکار ہو گیا میں تجھے زندہ نہیں چھوڑوں گا ابھی چلو اس امید پہ جی رہا ہوں کہ شاید اس دشمنِ جاں کا میرا خیال آ جائے.

احمد نے اسے کہا کہ تم اس کے سامنے جاکر مت بولنا ممکن ہے وہ جوتا ہی نہ اٹھالے تم ایسا کرو اسے میسج کر دو پھر دیکھو کیا کہتی ہے.

توزین نے کہا کہ ٹھیک ہے.

اگلے دن زین نے ایک غزل لکھ کر اپنی محبت کا آظہار کر دیا.

سنو جاناں...

مجھے اک بات کہنی ہے

اگر تم دو مجھے دو پل

مجھے تو حوصلہ ہو جائے

سنا ہے گلاب لگتی ہے

لوگوں کی آس بنتی ہو

کہیں کوئی تیرے لیے

بہت جزبات رکھتا ہے

بہت ہی خاص رکھتا ہے

قسم لے لو

قسم لے لو

تمہیں دل جان دے دوں گا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جو تم مانگو تمہیں میں مان دے دوں گا

مجھے اک ڈر سا ہے شاید

محبت پاک جذبوں کی امانت کی صداقت ہے

اسے تم. غلط مت لینا

میرے بس میں نہیں اب تو

کہ تجھ کو بھول جاؤں میں

تجھ کو دیکھ کر جاناں

زندگی کی تمنا ہوتی ہے

زندگی کی تمنا ہوتی ہے

مجھے بس یہ ہی کہنا تھا

مجھے تم سے محبت ہے

مجھے تم سے محبت ہے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین نے ڈرتے ہوئے سینڈ تو کر دیا میسج اس کے بعد جب تک رپلائے نہیں آیا تب تک وہ بے چین رہا

شام کو جواب آیا کہ گھر آنا زرا تمہاری محبت کی کلاس میں بابا سے لگواؤں تم بچو ایک بار گھر آؤ بس..

بائے

میسج کا جواب امید کے عین مطابق انکار میں تھا.زین کو دکھ تو ہوا مگر اس نے احمد کو خوب سنائیں کہ تم نے یہ مشورہ دیا تھا.

..............................................................................................

جانیتا

تم نے آگے کیا کرنا ہے؟

نبیا نے اسے کالج میں پوچھا تو اس نے کہا کہ

جو تم کرو گی وہ ہی میں کر لوں گی

ہاہا میں نے کنوئیں میں چھلانگ لگانی ہے اب بولو

تو میں بھی ساتھ ہی لگا دوں گی چھلانگ نیبیا یقین کرو

دیر فٹے منہ جانی ..

مجھے بچانے کی بجائے تم بھی چھلانگ لگادو گی صدقے جاؤں دوست وہ ہوتا ہے جو آپ کو غلط کام سے روکے اور تم میرا ساتھ دو گی

لو جی جب تمہاری خواہش ہی یہ ہو گی تو کیا میں اسے پورا کرنے میں ساتھ نہیں دوں گی بھلا یہ بھی دیکھو تمہاری دوست تمہارے ساتھ ہی جائے گی واہ کتنی لکی ہو تم..

اوووڈفر

میرا ایسا کوئی پلان نہیں ہے سمجھی نا میں کیوں مروں بھلا ابھی تو میں نے بہت جینا ہے دنیا دیکھنی ہے اور تم یہ سموسے کھائی جا رہی ہو موٹی کم کھایا کرو کب سے کھا رہی ہو میرا حصہ بھی کھا گئی ہو میں نے ابھی ہاف کھایا تھا.

افووو نبیا اتنی سی بات پہ پریشان نہیں ہوتے میں اور منگوا دیتی ہوں سموسہ اور کھائیں گے تو نیکسٹ سر یوسف کا لیکچر لے سکیں گے ہائے ہائے کیا بورنگ لیکچر دیتے ہیں

کیا ایسا نہیں لگتا کہ وہ روز اپنی بیوی سے مار کھا کے آتے ہیں اور بس دکھی کر دیتے ہیں ہمیں بھی آ کر بیچارے سر...

تو نبیا اپنی ہنسی چھپاتے ہوئے بولی ان کی تو ابھی شادی بھی نہیں ہوئی اور یہ مارنے والے وچار صرف تمہارے ہیں بیویاں ایسے نہیں کرتیں یہ صرف تم کرو گی میرے خیال سے انسانی تاریخ میں لکھا جائے گا کہ جانیتا ایک ہونہار بیوی نے اپنا شوہر کو برتن نہ دھونے پہ ایک عدد کس کے تھپڑ مار ڈالا اور مشین نہ لگانے پہ لاتوں اور گھونسوں کی بارش کر دی واہ واہ ہائے جانی کتنی اچھی بات ہے نا تمہارا نام آئے گا واہ

ٹھہرو زرا نبیا کی بچی میں تمیں ایسی لگتی ہوں ابھی بتاتی ہوں مگر اس کے اٹھنے تک نبیا وہاں سے دوڑ لگا چکی تھی اور پیچھے ہی جانیتا بھی اسے پکڑنے چلی گئ.

سنو...

اے تتلی کی مانند لڑکیو...

ہمیشہ یاد رکھنا تم کہ

راہیں ہیں کھٹن لیکن

تم تو حوصلہ رکھنا

ایسے دقر کے اندر

تم خود کو بچا رکھنا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خود کو بچا رکھنا....

مرشد..میرا مرناطے ہے کیا..؟

مرشد...مجھے عشق ہو گیا ہے..؟

نیبیا بیٹا آجاؤ باہر اب کب سے نہا رہی ہو باہر تمہاری دوست آئی ہے..

آئی ماما...

ایک تو یہ لڑکی بھی پتہ نہیں کیا کرے گی ہر چیز ادھر ادھر بکھیری ہوئی ہے وہ ساتھ ساتھ چیزیں سمیٹ رہیں تھیں.

ادھر نیبیا پریشان کہ جانیتا کیوں آئی ہے اچانک سے بتایا بھی نہیں.

وہ فریش ہو کر باہر آئی تو جانیتا اسکے گلے لگ گئی اور بولی کہ تم آج کالج نہیں آئی بتاتو دیتی میں بھی ناجاتی سارادن کیسے گزارا مجھے پتہ ہے اور تم آئی کیوں نہیں.

جانیتا ایک بار پھر سے نان سٹاپ بولنا شروع ہو چکی تھی اور نیبیا نے اسے چپ کرواکے کہا کہ جانی تم میری وجہ سے اپنی پڑھائی کیوں ضائع کر رہی ہو آج ہم نے بازار جانا تھا بس اس لیے نہیں آئی. تم ایویں پریشان مت ہوا کرو اور پڑھائی پہ توجہ دو

جانیتا تو سن کے جل ہی گئی اور بولی کہ دفع کرو پڑھائی کر کے میں نے کون سا ملک کا نظام سنبھالنا ہے تو چھوڑو بس میں تمہاری وجہ سے کالج آجاتی ہوں ورنہ نہ آؤں.

نیبیا بس اس بات پہ سر ہلا کر رہ گئی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارحم اور زین کے بابا عمرے پہ جارہے تھے اس لیے نیبیا لوگ بھی وہاں جارہے تھے کیونکہ وہ ان کے اپنے تھے اور اپنوں کی خوشی اور غم میں شریک ہونا چاہیے..

زین کے لیے تو یہ ہی خوشی کافی تھی کہ نیبیا آ رہی ہے مگر وہ ڈر بھی رہا تھا کہ جانے اس میسج کے بعد نیبیا کا کیا ری ایکشن ہو گا اور وہ مسلسل گھڑی دیکھ رہا تھا.

ارحم نے اسے پوچھا کہ کسی کا انتظار کر رہے ہو کسی دوست نے آنا ہے کیا تو اس نے بات ٹال دی

سب سے آخر میں نیبیا لوگ ہی آئے اور جب محبوب کا اتنا انتظار کیا ہو تو اسے دیکھ کر آنکھیں سیراب ہو جاتی ہیں

کچھ اس طرح ہی زین کے ساتھ تھا مگر وہ اسے کہہ بھی تو نہیں سکتا تھا کہ لیٹ آئے ہو کس حق سے کہتا یا ناراض ہوتا اس لیے خاموش رہا.

کھانے کے بعف اچانک سے نیبیا کے پیٹ میں درد شروع ہو گیا تو اس کے ایک کزن نے اسے ہاسپٹل جانے کا کہا اسکے بابا نے اسی کزن کے ساتھ نیبیا کا بھیج دیا.

جب وہ لوگ گھر سے باہر نکلے تو زین باہر ہی کھڑا تھا

اس نے اپنی محبت کو کسی اور کے ساتھ جاتے دیکھا تو درد کی آہ تو ضرور اٹھی اور اچانک ہی نیبیا نے زین کی طرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا

بس وہ ایک لمحہ تھا جب دونوں کی نظریں ملیں اور پہلی بار نیبیا کا دل زین کو دیکھ کے تیزی سے دھڑکا

کچھ سکینڈز کے لیے تو دنیا کی ہر شے رک گئی ان کے لیے اور کہتے ہیں نا کہ محبت کی نہیں جاتی ہو جاتی ہے اور ایک لمحہ لگتا ہے بس اس کے بعد سے انسان کا دل دوسرے کے نام سے ہی دھڑکتا ہے اور یہی وہ لمحہ تھا جب نیبیا کو زین سے محبت ہو گئی اور سچ میں ہو گئی

زین....

کی حالت ہی کچھ ایسی ہو رہی تھی کہ لگ رہا تھا اسکے جزم سے خون نچوڑ لیا گیا یو اور پھر نیبیا کا یوں اسے دیکھنا کسی معجزے سے کم نہیں تھا...

نیبیا میڈیسن لے کر آ گئی سب اس کے لیے پریشان تھے کیونکہ وہ سب کی لاڈلی تھی. مگر کچھ دیر بعد اسے سکون محسوس ہوا مگر بے چینی کم نہ ہوئی.

وہ اب زین کے سامنے جانے سے ہچکچا رہی تھی حالانکہ پہلے وہ اس سے بات بھی کر لیتی تھی اسے چڑاتی بھی تھی مگر جب سے اس نے وہ میسج کیا تھا نیبیا سوچ میں پڑ گئی تھی اور آج باہر اس نے زین کی آنکھوں میں اپنے لیے جو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پیار کا سمندر امڈتے دیکھا ہے تب سے تو وہ اور بے چین ہو گئی اور سوچ رہی تھی کہ کیا واقعی وہ مجھ سے محبت کرتا ہے

باقی سب کزن بھی اسکا بہت خیال رکھتے ہیں اس سے ہنسی مذاق کرتے ہیں مگر کسی نے ایسے اپنا اظہار محبت نہین کیا تھا مگر نیبیا جانتی تھی کہ اسکا کزن ماہ رخ اسے چاہتا ہے

باقی کزن بھی اسے پسند کرتے ہیں مگر کسی کی ہمت نہیں تھی کہ یہ بات اسے بتائے.

ہاں

ماہ رخ نے باتوں باتوں میں نیبیا کو یہ محسوس کرو دیا تھا کہ وہ اسے مسند کرتا ہے مگر زین تو چھپا رستم نکلا اس نے کبھی ایسی بات نہیں کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتہ نہیں یہ اچانک سے اسے محبت کا دورہ کہاں سے پڑ گیا.

اسکا کچھ کرنا پڑے گا ورنہ یہ ایسے باز نہیں آئے گا..

نیبیا اپنی سوچوں میں گم تھی جب اسکی ماما نے اسے ہلایا

نیبیا....

خیریت ہے کیا ہوا ہے کن سوچوں میں گم ہو کب سے آوازیں دے رہی ہوں میں.

باہر جاؤ اور آپکے چاچو بلا رہے ہیں.

اوکے ماما

نیبا باہر آئی تو سب ہی بیٹھے ہوئے تھے.

اب کیسی طبیعت ہے بیٹا آپ کی؟؟

میری چڑیا بیمار کیسے ہو گئی؟

خیال رکھا کرو اپنا کمزور بھی ہو گئی ہو کھایا پیا کرو یہی دن ہوتے ہینں موج مستی کے انجوائے کرو..

جی چاچو انجوائے کرتی ہوں بس ویسے ہی پیٹ میں درد ہو رہا تھا. اب ٹھیک ہوں میں آپ فکر نہ کریں..

اپنی بیٹیوں کی فکر تو ہوتی ہے نا کیا ہوا اگر تم بھائی جان کے گھر پیدا ہو گئی لیکن بیٹی تو تم میری ہو نا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین کے بابا نے اسے خوب پیار کیا اور پاس بیٹھا لیا.

زین جو کب سے ٹکٹکی باندھ کر اسے دیکھ رہا تھا کال کی آواز سے چونکا اور نیبیا بخوبی واقف تھی کہ وہ اس پہ نظریں جمائے کھڑا ہے..

اچھا چلو اٹھو سب گاڑی میں بیٹھو فلائٹ مس نہ ہو جائے.

تو سب جلدی جلدی اپنی اپنی گاڑیوں میں بیٹھنے لگے.

تائی امی آپ ادھر آجائیں میرے والی گاڈی میں بلکل کمرٹیبل گاڑی ہے سکون سے سفر گزرے گا آپ کا

زین نے نیبیا کی ماما کو کہا مگر آنکھیں بدستور نیبیا پہ تھی.

نیبیا نے نظر جھکالی اس کا بھی دل چاہا کہ ماما کہہ دیں کہ ٹھیک ہے.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باقی گاڑیوں میں جگہ فل ہو چکی تھی اس لیے انہیں زین کے ساتھ جانا پڑا ۔

زین نے مرر پیچھے بیٹھی نیبیا پر فکس کیا اور گاڑی سٹارٹ کر دی..

گاڑی واقعی میں پر سکون تھی ہلکا سا میوزک بھی آن تھا اسکی ماما زین اے باتیں کر رہی تھی.

آدھا راستہ گزرا تھا کہ نیبیا کو نیند آنے لگ گئی اور وہ تو سو گئی اور زین اسے دیکھ کر مسکرا دیا.

کتنی پیاری لگتی ہے میری ہونے والی مسز میں اب تو تمہیں کسے صورت نہیں چھوڑوں گا منالوں گا تمہیں اہے جو بھی میرا پیار تمہیں ضرور نظر آئے گا.

اس نے سوتی ہوئی نیبیا پہ ایک نظر ڈال کر سوچا.

جب وہ لوگ پہنچ گئے سب نے زین کے بابا کو سی آف کیا اور واپسی پہ آئسکریم کھائی اور واپس گھر آ گئے.

ایک ہفتہ بعد زین کالج گیا تو احمد نے اسے گھیر لیا

رابی, وانیہ, اور تانی بھی وہیں تھے تو احمد نے اسے پوچھا کہ اور سناؤ بھئی کیا بنا پھر تمہارا؟

لو سٹوری کہاں تک پہنچی تو زین نے اسے آنکھیں دکھائیں. تانی نے تو جیسے اب قسم کھالی تھی زین کو چھوڑے گی نہیں

زین آج کے بعد کوئی ضرورت نہیں ہمیں بلانے کی جب ساری باتیں تم نے احمد سے ہی کرنی ہوتیں ہیں ہم کیا شکل سے بے وقوف لگتی ہیں تم ہمیں اپنا دوست سمجھتے نہیں ہو بس...

اس نے بھرپور ایکٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا تو زین کو ہار ماننا پڑی اور اس نے نیبیا کے بارے میں بتایا.

وانیہ پاس ہی بیٹھی تھی مگر اس کی سوئی تو وہیں اٹک گئی کہ اس دنیا میں کوئی اور وہ خوش قسمت لڑکی ہے جسے زین چاہتا ہے... واہ مولا

زین کو کال آگئی تو وہ کال سننے لگا احمد رابی سے باتیں کرنے لگا

تانی وانیہ کی محبت جو اسے زین سے تھی بخوبی واقف تھی اس نے اسے سمجھایا کہ ہمت کرو

اصل محبت یہ نہیں ہوتی کہ ہم محبوب کو پالیں بلکہ اسکی خوشی ہی ہماری محبت ہوتی ہے ہمبھی اسی میں خوش جس میں محبوب خوش تو پریشان مت ہو اوکے

اور کہتے ہیں کہ اگر تم دعا میں میں کسی کو مانگو اور وہ تمہیں نہ ملے تو سمجھ لو کہ کہیں اور کوئی اور تمہیں دعا میں میں مانگ رہا ہے اور اسکی دعا میں تم سے زیادہ اثر ہے سمجھی نا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

محبت اگر پا لینے کا نام ہوتا تو ہیر رانجھا ایسے دو رنہ ہوتے سسی پنوں مل جاتے اور بھی بہت سی ایسی ہستیاں ہیں جن کو محبت ہوئی بلکہ یوں کہہ لو کہ

محبت سب کو ہوئی مگر ہر ایک نے نبھائی اپنے اپنے طریقے سے اور وانی ایک بات یاد رکھنا ہمیشہ

"محبت قربانی مانگتی ہے "

جو قربانی دیتا ہے محبت کو بھی اسی سے محبت ہو جاتی ہے ورنہ محبت صرف روگ بن جاتی ہے اب تم یہ سوچ لو کہ تمہیں اپنی خوشی عزیز ہے یا پھر زین کی....

اور.......

تانی کونسا لیکچر دے رہی ہو تم وانیہ کو یہ تو پہلے ہی اتنی سمجھدار ہے..

میں کب سے دیکھ رہا ہوں ایسا کیا سمجھا رہی تھی تم اسے کہ اسکی آنکھوں میں آنسو آ گئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین نے جب ایسے بولا تو وانیہ نے جلدی سے آنکھوں کو ہاتھ لگایا تو واقعی میں محبت رنگ لا رہی تھی کہ آنکھوں سے عیاں ہونے لگی.

ارے نہیں نہیں زین میری آنکھ میں کچھ چلا گیا تھا بس اس لیے تم ایویں پریشان مت ہوا کرو اچھا تم بتاؤ نیبیا سے کب ملواؤ گے ہمیں؟؟؟

وانیہ نے بات کا موضوع بدلنے کے لیے نیبیا کا سہارا لیا اور اس بات کا کرب بس وہ جانتی تھی کہ جس انسان کو آپ نے چپکے سے دل میں بسایا ہو جب وہ کسی اور کا نام لے تو کیسے دل شور کرتا ہے تڑپتا ہے سسکتا ہے مگر قربان کرنا پڑتا ہے سب کچھ محبت کر لی ہے تو نبھانے کے آداب بھی آنے چاہیے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وانی اپنی سوچوں میں گم تھی جب زین اسے نیبیا کی باتیں بتا رہا تھا. آخر کار وہ لوگ پورا دن گزار کر گھر چلے گئے.

وانیہ کا ضبط جواب دے چکا تھا وہ گھر پہنچتے ہی کمرے میں بند ہو کے پھوٹ پھوٹ کر رو دی.

آخر ایک انسان کی ہی چاہت کی تھی یارب وہ بھی کسی اور کو چاہتا ہے میں کس طرح یہ کرب یہ دکھ سہہ پاؤں گی کیسے جی پاؤں گی مجھے زین کی عادت ہو گئی ہے اور اب وہ کسی اور کا ہو جائے گا یہی سوچ کر وہ رو دی.

ایک گھنٹے بعد وہ اٹھی اور نماز ادا کی اور اللہ سے سکون طلب کیا اور ہمت مانگی اور زین کے لیے ہزاروں خوشیاں مانگیں. اوہ واقعی میں سچے دل سے چاہتی تھی زین کو مگر قسمت کا لکھا کون مٹا سکتا ہے بھلا.

شام کو وانی کے پیرنٹس پارٹی سے واپس آئے تو ان کے ساتھ ایک لڑکا تھا. وانی کچن میں کھڑی بوا سے اپنے لیے کافی بنوا رہی تھی.

اسکے بابا نے اس لڑکے کا تعارف کروایا کہ وانیہ بیٹا ان سے ملو میرے دوست کا بیٹا ہے ابھی ابھی لندن سے آیا ہے پڑھائی پوری کر کے اور اب یہاں بزنس سنبھالے گا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے بابا مگر آپ مجھے کیوں بتا رہے ہیں؟؟

وانیہ نے اس لڑکے کی نظروں سے گھبرا کر کہا جو مسلسل اسے دیکھ رہا تھا.

بیٹا آپ اسے یہاں کی فینس جگہ وغیرہ کا بتایئے گا اسے گھمایئے گا اپنا ہی سمجھو اسے اور ہاں اسکا نام دانیال شاہ ہے اور اسے دانی بولتے ہیں.

انکل لگتا ہے آپ کی بیٹی کو گھر آئے مہمان اچھے نہیں لگتے؟

نہیں ایسی بات نہیں ہے سوری میں میں پوچھنا بھول گئ آپ کیا لیں گے کافی یا چائے؟؟

جی نہیں شکریہ پھر کبھی سہی ابھی میں چلتا ہوں بائے.

.............................................................

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین مجھے تم سے بات کرنی ہے

نیبیا کا میسج آیا زین کو توزین تو خوشی کے مارے 5 منٹ میسج دیکھتا رہا اور پھر جواب بھیجا کہ ہاں بولو

دیکھو تم نے مجھے اس دن وہ میسج بھیجا تب مجھے فرق نہیں پڑا مگر اس دن تمہیں دیکھ کر مجھے جانے کیا ہوا کہ اب مجھے ایسا لگنے لگا ہے کہ تم ہی میرے لیے بیسٹ ہو تم .ہی میرے ہمسفر بن سکتے ہو باقی سب وقت گزارتے ہیں مگر کہتے ہیں کہ

فارغ وقت کی بے قراری محبت نہیں ہوتی اور مجھے لگتا ہے کہ اس دن تمہاری آنکھوں میں اپنے لیے محبت کا سمندر دیکھ کر میرا دل چاہ رہا ہے کہ میں اس سمندر میں ڈوب جاؤں اور کسی کو نظر نہ آؤں.

کیا تم .میرا انتظار کرو گے ؟؟

کسی اور سے شادی تو نہیں کرو گے ؟

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

نہیں نیبیا ایسا کبھی نہیں ہو گا میں تمہیں یقین دلاتا ہوں

اوکے ٹھیک ہے تھینکس..

توزین تو فوراً سے شکرانے کے نفل پڑھنے کی تیاری کرنے لگا.

پہلی پہلی بار محبت کی ہے...

کچھ نہ سمجھ میں آئے میں کیا کروں...

عشق نے میری ایسی حالت کی ہے

کچھ نہ سمجھ میں آئے میں کیا کروں...

کچھ ایسی ہی حالت زین کی ہو رہی تھی اسے سمجھ نہ آئے وہ کسی کو بتائے یا کیا کرے مطلب اس قدر خوشی سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا اس سے...

www.kitabnagri.com

وہ فوراً سے احمد کے گھر پہنچا اور اسے ساری بات بتائی وہ بھی خوش ہوا اور ساتھ ہی ٹریٹ بھی مانگی توزین نے فوراً سے ہاں کہہ دیا..

زین تم بہت خوش ہو اللہ تمہیں ایسے سدا خوش رکھے مگر مجھے ایک بات پتہ چلی ہے.

احمد نے بولا تو زین نے سوالیہ نظروں سے اسے تنبیہ کی کہ اگر کوئی منحوس خبر سنائی تو تمہارا یہ خوب صورت چہرہ میرے ہاتھوں سے خوف صورت بن جائے گا تو احمد اپنی ٹون بدلی اور بولا

کہ مجھ سے ایک لڑکی نہیں منائی جا رہی شادی کے لیے وہ دیکھتی بھی نہیں اور یہاں سرکار بیٹھے ہیں جوان کے پیچھے جہان پاگل ہوا پھر رہا ہے. .

سیدھی بات مت بتانا تم کبھی بھی دل تو کر رہا ہے ابھی تمہیں پکڑ کے کھڑکی سے باہر پھینک دوں جب بھی میں خوش ہوتا ہوں تم ضرور اندر اپنا یہ بینگن جیسا منہ لے آتے ہو...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوووو زین کے بچے پہلے بات تو سن لو جب میں بات بتاؤں گا تو تم کانپنے لگو گے, تم بول نہیں سکو گے اور........

زین کشن اٹھا کے اس پہ پھینکا تو اس نے فوراً کہا کہ اوکے بتاتا ہوں....

ہماری دوست ہے ناوانیہ اسے محبت ہو گئی ہے..

توزین چڑ کر بولا کہ اس میں اب کیا بات ہے سب کو ہوتی ہے مجھے بھی ہوئی ہے اور تم تب سے یہ بات بتا رہے تھے درفٹے منہ احمد تمہیں تو...

اوو بھائی پوری بات تو سن لو یار بعد میں باقی کر لینا بے عزتی جو تمہارا محبوب ترین مشغلہ ہے..

اسے محبت تم سے ہوئی ہے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا....؟؟؟

یہ کیا بکواس پے احمد ایسا مزاق مجھے پسند نہیں ہے..

میں مذاق نہیں کر رہا زین سچ میں she loves u a lot from the 1st day of the collage till today

ایسا کیسے ہو سکتا ہے احمد مجھے ایسا کبھی نہیں لگا اور میں صرف اسے اپنی دوست سمجھتا ہوں بس اس سے زیادہ کچھ نہیں...

زین نے وہیں بات ختم کی اور چلا گیا...

.............!.................................................

وانیہ تیار ہو جاؤ آج تم نے مجھے پورٹ پہ لے کے جانا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دانی وانیہ کو میسج لکھ رہا تھا.

وانیہ کو یہ کام بلکل اچھا نہیں لگا کہ وہ دانی کو ساتھ آئے مگر اسکے بابا کا حکم تھا سو اسے کہنا پڑا.

اگلے دن اسے گھمانے لے گئی بندہ اتنا برا بھی نہیں ہے میں یویں ڈر رہی تھی.

اس نے خود سے کہا.

کچھ ہی دنوں میں وہ دوست بن گئے تھے.

............................................................

کچھ دن بعد انکے فائنل ایگزامز بھی ہو گئے اور یہ سب لوگ کالج سے فارغ ہو گئے.

ایک دن زین کو نیبیا کا میسج آیا کہ

زین ایک پرابلم ہو گئی ہے

ماہ رخ کو میں نے بتا دیا کہ میں زین سے محبت کرتی ہوں اور اس نے زہر والی گولیاں کھا لیں اور اب وہ ہاسپٹل میں ہے. مجھے تو یہ ڈر ہے وہ مسی کو ہمارے بارے میں بتا نہ دے

تو زین نے کہا کہ تم فکر نہ کرو اسے کچھ نہیں ہو گا اور بتا دے جس کو بتانا ہے ہم نے کون سا گناہ کیا ہے...

اسکی بات سن کر نیبیا نے اوکے کہہ دیا.

دل مانگ رہا ہے مہلت تیرے ساتھ دھڑکنے کی

تیرے ساتھ میں جینے کی تیرے ساتھ ہی مرنے کی.....

گاڑی میں مدہم سا میوزک چل رہا تھا اور وانیہ بھی دانی کے ساتھ فرنٹ سیٹ پہ بیٹھی تھی.

وانیہ نے دانی سے پوچھا

دانی تم آگے کیا کرو گے مطلب اب تمہارا بزنس سیٹ ہو گیا ہے اب شادی وادی کا پلان کرو یا ساری عمر کنوارے رہنے کا ارادہ ہے..

ارے نہیں نہیں ایسا نہیں ہے زشادی تو کرنی ہے پر لڑکی....

کیا لڑکی؟

کسی کو پسند کرتے ہو مطلب لو شو کا چکر ہے ہاں اسی لیے اب تک ایسے بیٹھے ہو..

تودانی مسکرا کر بولا

ہاں فرسٹ سائیٹ والا لو ہے میرا اور دن بدن بڑھتا جا رہا ہے مگر ہے یک طرفہ ابھی اگلے والے کو نہیں پتہ..

وانیہ نے جواب دیا کہ اس میں کونسی بڑی بات ہے جا کر اسے بول دو اور ویسے بھی وہ تمہیں ریجکٹ نہیں کرے گا ہر طرح سے اچھے خاصے ہو ہینڈسم بھی ہو تو تم ڈر کیوں رہے ہو بھلا؟؟؟

ڈرتا ہوں کہ کہیں وہ انکار نہ کر دے اب تو اس آس پہ جی رہا ہوں کہ شاید وہ میری ہو جئے پھر وہ آس بھی ختم ہو گئی تو کہاں جاؤں گا کیسے رہ پاؤں گا مجھے اس سے محبت کے ساتھ ساتھ اس کی عادت بھی ہو گئی ہے اور عادت محبت سے زیادہ جان لیوا ہوتی ہے تو وانیہ کو ایک دم سے اپنا پرانا وقت یاد آگیا تو وانی نے اسکی آنکھوں کے آگے ہاتھ لہرایا تو وہ چونکی.

ہاں تم. کیا کہہ رہے تھے؟؟

میں کہہ رہا تھا کہ تم بہت پیاری لگ رہی ہو آج

ہاہاہا میں روز ہی پیاری لگتی ہوں زیادہ مسکے نہ لگاؤ

مجھے اس لڑکی کا نام پتہ بتاؤ میں خود اس سے بات کر لیتی ہوں اسے کہوں گی کہ تمہارا دل نہ توڑے کیونکہ جب دل ٹوٹتا ہے نا تو بہت تکلیف ہوتی ہے جو ہم کسی کو بتا نہیں سکتے کیونکہ وہ اذیت بیان نہیں کی جا سکتی صرف محسوس کی جا سکتی ہے اور آج کل کس کے پاس وقت ہے کہ وہ دوسروں کی تکلیف محسوس کرے اس لیے خود سے ہی جینا سیکھنا پڑتا ہے حالات چاہے جیسے بھی ہوں.

آہاں تم تو فلاسفر ہو پوری تمہیں تو محبت پہ کتاب لکھنی چاہیے میں تمہیں بتاتا ہوں کتاب نگری ویب سائٹ وزٹ کرو وہاں سے تمہیں ہزار ہا لوگوں کے لکھے ناولز ملیں گے تم وہاں اپنا یہ ہنر آزماؤ.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں دانی میں تو بس ایسے ہی بول رہی تھی.

نہیں وانیہ سچ میں تم اچھا بول لیتی ہو تو اچھا لکھ بھی لو گی...اور...

اچھا بات بدلو مت مجھے اس لڑکی کا نام بتاؤ او کے.

تو دانی اس کی بچوں والی ضد پہ مسکرا دیا اور ایک گھر کے آگے گاڑی روک دی.

آؤ اندر چلیں اس نے وانیہ کو کہا تو ونیہ نے پوچھا کہ یہ کس کا گھر ہے بہت شاندار ہے

اندر تو چلو بتاتا ہوں تو وہ دونوں اندر چلے گئے.

وانیہ تم. پوچھ رہی تھی نا کہ وہ لڑکی کون ہے تو جاؤ دیکھ لو وہ سامنے والے روم میں ہے تو وانیہ وہاں چلی گئی.

جیسے ہی اندر داخل ہوئی سامنے بڑے سائز کا مرر تھا جس میں وانیہ کا ہی عکس نظر آرہا تھا اور دوسری دیوار پہ وانیہ کی بڑی سی پورٹریٹ لگی ہوئی تھی.

وانیہ تو حیران پریشان ہو گئی کہنوہ پورا راستہ اس سے اسی کی باتیں کرتا رہا ہے اور وہ پاگل آگے سے کیا کیا مشورے دے رہی تھی.

تبھی پیچھے سے دانیال آیا اور بولا کہ جی تو مس وانیہ کیا آپ مجھ سے شادی کریں گی؟؟

دانی نے گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہوئے اسے کہا

یہ بندہ ناداں آپ پہ دل ہار بیٹھا تھا اور مجھے شدت والا پیار ہے تم سے کیا آپ مجھ نکمے کو اپنا ہمسفر قبول کریں گی پلیز...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو وانیہ کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ کا ی کے لیے وہ اتنی سپیشل ہو سکتی ہے اور دانیال واقعی میں اسے پسند تھا وہ ہے ہی اس قابل تھا تو وانیہ تبھی دانی کے گلے جا لگی اور بولی

مجھے تمہارا ساتھ قبول ہے مگر اس شرط پر کہ کبھی مجھے اکیلا نہیں چھوڑو گے.

کبھی بھی نہیں چھوڑوں گا جب تک میں سانس لے رہا ہوں تب تک مجھے تم سے کوئی جدا نہین کر سکتا.

خیال آنے پہ وانیہ جلدی سے پیچھے ہو گئی اور بولی کہ چلو مجھے گھر چھوڑ دو.

دانی بولا تو اب میں ہاں سمجھوں..

تو وانیہ نے اثبات میں سر ہلا دی.

..........................................................................................

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ ماہ بعد نیبیا کی شادی کی بات ہوئی تو انکا ایک کزن شہری سب نے اسکے لیے یہ رشتہ سوجیسٹ کیا مگر زین تو جیسے صدمے میں چلا گیا ادھر نیبیا کا رو رو کر برا حال ادھر زین بھی اپ سیٹ رہا تو سب نے یہ بات نوٹ کی اور اسکی امی کو یہ بات پتہ چل گئی کہ زین نیبیا کو پسند کرتا ہے تو اس نے نیبیا کے رشتے کی بات ختم کر کے ان کے کانوں میں یہ بات ڈال دی کہ نیبیا میری بہو بنے گی.

نیبیا کے گھر والے بھی خوش تھے.

جانیتا کو جب یہ بات پتہ چلی کہ نیبیا زین کے ساتھ لو کے چکر میں پڑ گئی ہے تو اسے بہت غصہ وہ چاہتی تھی کہ نیبیا کی لائف میں صرف میں رہوں.

صرف میری اہمیت ہو اور کوئی اس لیول تک نہ آسکے تو اس نے نیبیا کو فورس کیا کہ وہ زین کو چھوڑ دے ورنہ وہ یہ دوستی ختم کر دے گی یا کچھ کر لے گی.

مجبوراً نیبیا نے ساری بات زین کو بتائی تو اس نے اسے مشورہ دیا کہ تم اسے کہو کہ میں نے زی. کو چھوڑ دیا ہے اب اس سے بات نہیں کرتی مگر دیکھنا کہیں سچ میں نہ چھوڑ دینا اوکے

تو نیبیا ہنسنے لگی اور بولی کہ محبت کی ہے کوئی مزاق نہیں کیا کہ چھوڑ دوں. اگر یقیں نہ آئے تو آزما لینا جناب.

ارے نہیں محترمہ میں تو مذاق کر رہا ہوں مجھے اپنی محبت پہ بھروسہ ہے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن اس واقعے کے کچھ عرصے بعد ہی جانیتا نے اسے چھوڑ دیا جانے ایسا کیا ہوا کہ وہ سب ختم. کر کے چلی گئی نیبیا کو دکھ تو ہوا مگر وہ کیا کرتی

اور وہ شکر کر رہی تھی کی جانیتا کے کہنے پہ اس نے زین کو چھوڑ نہیں دیا تھا اور زین میری بات سمجھ گیا تھا..

انہی دنوں زین کے بڑے بھائی ارحم کا رشتہ طے ہو گیا اور زین اور نیبیا کو اپنی بھابھی بہت پسند آئی اور انہوں نے اپنی ساری داستان اسے بھی سنائی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ سال بعد......

وانی یار میری شرٹ پریس کر دو پہلے مجھے دیر ہو رہی ہے پلیز

ہاں بس آئی ناشتہ ریڈی ہے آپ ناشتہ کریں میں شرٹ پریس کر دیتی ہوں تب تک.

اچھا تم جانتی ہو کہ میں تمہارے بغیر ناشتہ نہیں کرتا پھر بھی.....

اچھامائی ڈئیر ہبی بس مجھے 5 منٹ دی ں میں ابھی آئی.

یہ تھے وانیہ اور دانیال شاہ اور اب وانیہ بھی وانیہ علی سے وانیہ شاہ بن گئی تھی اور اس نے سیکھ لیا تھا کہ واقعی میں کچھ لوگ مقدر میں نہیں ہوتے مگر اللہ ان سے بہتر سے ہمیں نوازتا ہے

وانیہ اقع دانیال کی شادی ہو چکی تھی اور وہ ایک خوشحال زندگی گزار رہے تھے دانیال نے اسے اسکی سوچ سے بھی زیادہ پیار دیا تھا.

احمد نے بھی منت سماجت کر کے کسی طرح رابی کو منالیا اور اس نے رابی کے گھر رشتہ بھیج دیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج ان کی مہندی ہے اور سارے اسجے دوزت آئے ہوئے ہیں.

وانیہ اور دانیال بھی آئے, تانی بھی اپنے ہسبنڈ کے ساتھ آئی اور زین بھی آیا مگر ابھی تک اسکی شادی نہیں ہوئی تھی اس لیے وہ اکیلا ہی آیا تھا.

اس دن زین نے وانیہ کو غور سے دیکھا وہ واقعی میں خوب صورت تھی اور دانیال کے ساتھ اسکی جوڑی خوب جچ رہی تھی.

زین دانیال سے بھی ملا جلد ہی انکی دوستی ہو گئی تانی بھی سب سے ملی اور ان سب نے خوب انجوائے کیا. احمد اور رابی کو خوب چھیڑا.

ہر گھڑی بدل رہی ہے روپ زندگی

چھاؤں ہے کہیں, کہیں ہے دھوپ زندگی

ہر پل یہاں جی بھر جیو

جو ہے سماں... کل ہو نا ہو.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

..................................................................

ارحم کی شادی کی ڈیٹ فکس ہوگئی تھی اور گھر والوں نے فیصلہ کیا کہ ارحم کے ولیمے پہ زین کی اقرنیبیا کی منگنی کر سی جائے۔ اور سب اس بات پہ متفق تھے۔

شادی بڑی دھوم دھام سے ہوئی اور زین کی منگنی بھی ہوگئی۔

شادی انہیوں نے تین ماہ بعد کرنے کا کہا۔ زین نے اپنی پسند پالی تھی وہ بہت خوش تھا اور ہونا بھی چاہیے نا

محبت ہر ایک کے نصیب میں کہاں ہوتی ہے اور جن کو من پسند محبوب اپنی زندگی کا ساتھی مل جائے وہ بہت خوش قسمت ہوتے ہیں۔

محبت ہر دل کے دروازے پہ دستک نہیں دیتی بس جس کو یہ راس آجائے اس جیسا انسان کوئی نہیں۔ اور آگر محبت نہ ملے تو لاحاصل محبت عشق بن جاتی ہے کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ صبر آجاتا ہے اور صبر آجائے تو انسان تھم۔ جاتا ہے وہ کسی کو اپنی زندگی کی تمنا نہیں بناتا دوبارہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں عشق دوبارہ نہیں ہوتا

کیونکہ عشق کرنا بھی ہر ایک کے بس کی بات نہیں ہوتا

صبر توکل اور ایمان قائم رہے تو عشقِ حقیقی بن جاتا ہے....

اے محبت کرنے والو..

محبت کا بھرم رکھنا بھی سیکھو

قربانی دینا بھی سیکھو.....

ختم شد

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

www.kitabnagri.com

whatsapp No : 0316-7070977